www.wilayattimes.com
اشاعت کا تیسرا سال

ہفت روزہ

ولایت ٹائمز

WILAYAT TIMES

سرینگر

الله کی ولایت مومنین اور متقین پر ہے وہ انھیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے

جلد:04 ☆ شمارہ نمبر:17 ☆ تاریخ:23 اپریل 2018 تا 29 اپریل 2018ء بمطابق 06 شعبان 12 شعبان 1439ھ ☆ صفحات:16



عصمت دری کیخلاف سخت قانون جاری

12سال تک عمر کی بچیوں کے ساتھ ریپ پر سزائے موت دینے کا اعلان

نئی دہلی: وزیراعظم کی رہائش گاہ پر بچوں کے ساتھ ہونے جنسی استحصال معاملے میں ترمیم کے لئے کرمنل لا امینڈمنٹ ایکٹ 2018 کابینہ میں منظور ہوگیا ہے۔ تقریباً تین گھنٹے چلی میٹنگ میں مختار عباس نقوی، اوما بھارتی اور اسمرتی ایرانی، پیوش گوئل، جے پی نڈا، روی شنکر پرساد، ڈاکٹر ہرش وردھن بھی موجود تھے۔ مرکزی کابینہ کی میٹنگ وزیراعظم کی رہائش گاہ پر بلائی گئی تھی۔ اس میٹنگ میں پوکسو ایکٹ (POCSO Act) میں ترمیم اور آرڈیننس لانے پر غور وخوض کیا گیا۔ پوکسو ایکٹ میں ترمیم کے ذریعہ 12 سال کی کم عمر کی بچیوں کے ساتھ عصمت دری پر زیادہ سے زیادہ موت کی سزا کرنے پر کابینہ میٹنگ میں بحث کی گئی۔ اس میٹنگ میں فوجداری ترمیمی بل 2018 پر بھی آرڈیننس کی شکل میں بحث کی گئی۔ واضح رہے کہ یہ پارلیمنٹ میں ابھی زیر غور ہے۔ پوکسو ایکٹ میں تبدیلی کو منظوری، اب 12 سال سے کم عمر کی بچیوں سے ریپ پر موت کی سزا۔ مرکزی کابینہ کی میٹنگ وزیراعظم کی رہائش گاہ پر بلائی گئی تھی۔ اس میٹنگ میں پوکسو ایکٹ میں ترمیم اور آرڈیننس لانے پر غور وخوض کیا گیا۔ سپریم کورٹ کو جواب دیتے ہوئے حکومت نے بتایا کہ وہ پوکسو ایکٹ میں ترمیم کی تیاری کررہی ہے۔ اس ایکٹ میں تبدیلی کے بعد 12-0 سال کی بچیوں کے ساتھ عصمت دری اور جرم کے معاملے میں اب موت کی سزا کی تجویز کی جارہی ہے۔ معاملے کی آئندہ سماعت 27 اپریل مقرر کی گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق پوکسو ایکٹ میں ترمیم کو لے کر سپریم کورٹ میں عرضی کی سماعت کرتے ہوئے کورٹ نے حکومت سے پوچھا تھا کہ وہ بچیوں کے ساتھ عصمت دری کے واقعات میں ہورہے اضافہ کو روکنے کے لئے قانون میں کس طرح کی تبدیلی کررہی ہے۔ اس پر حکومت نے بتایا تھا کہ پوکسو ایکٹ میں ترمیمی عمل شروع کرنے پر غور کیا جارہا ہے۔ اس ترمیم کے بعد 12-0 سال کی بچیوں کے ساتھ عصمت دری اور جرائم کے معاملوں میں اب موت کی سزا کی تجویز کی جارہی ہے۔ بچوں کے حقوق کے لئے کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیم کرائی (چائلڈ رائٹس اینڈ یو) کے مطابق ہندوستان میں ہر 15 منٹ میں ایک بچہ جنسی استحصال کا شکار ہوتا ہے اور گذشتہ 10 سالوں میں نابالغ کے خلاف جرائم میں 500 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ ایک رپورٹ میں یہ بھی انکشاف کیا گیا ہے کہ بچوں کے خلاف ہونے والے جرائم کے معاملوں میں سے 50 فیصد سے بھی زیادہ محض پانچ ریاستوں میں درج کئے گئے۔ ان ریاستوں میں اتر پردیش، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، دہلی اور مغربی بنگال شامل ہیں۔ اس میں کہا گیا ہے کہ گذشتہ 10 سالوں میں نابالغوں کے خلاف جرائم میں 500 فیصد سے زیادہ کا اضافہ کیا گیا ہے اور 2016 میں 1,06,958 معاملے سامنے آئے جبکہ 2006 میں یہ تعداد 18,967 تھی۔

محبوبہ مفتی کا خیر مقدم

خواتین کو عزت اور بیداری پر زور

جموں/ وزیراعلیٰ محبوبہ مفتی نے 12 برس تک کے بچوں کی عصمت ریزی کے قصورواروں کو موت کی سزا دینے کے مرکزی کابینہ کے فیصلہ کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس فیصلے سے ملک میں خواتین اور کمسن بچیوں کے خلاف جرائم پر قابو پانے میں کافی حد تک مدد ملے گی۔ مرکزی کابینہ نے اس حوالے سے آج ایک آرڈیننس کو منظوری دی۔ وزیراعلیٰ نے مرکزی کابینہ کی طرف سے موجودہ قوانین میں سخت ترامیم کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس عمل سے عصمت دری کے معاملات کی تحقیقات اور تیز تر پیروی ممکن ہوسکے گی اور قصورواروں کو بھی سخت سزا دی جاسکے گی۔ محبوبہ مفتی نے خواتین کے خلاف جرائم کا حصہ نہ بننے کے لئے سماجی بیداری پیدا کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس کے ساتھ ساتھ خواتین کو عزت دینے اور ان کے حقوق کے بارے میں بیداری پیدا کی جانی چاہئے تاکہ خواتین اور لڑکیوں کو جرائم سے پاک ماحول فراہم کیا جاسکے۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کو دہرایا کہ ان کی حکومت ریاست میں بھی اسی طرح کے قوانین لانے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ خواتین کے خلاف جرائم کا خاتمہ کیا جاسکے۔

اقوام متحدہ میں امریکہ کی نمائندہ نمریتا رندھاوا کی زندگی کی مختصر داستان

جب یروشلم کو اسرائیل کی دارالحکومت قرار دینے کے ٹرمپ کے فیصلے کے خلاف یو این میں قرارداد منظور ہوئی اور ہیلی کو ناکامی کا سامنا ہوا

ولایت ٹائمز ڈیسک

اصل نام: نمریتا رندھاوا
تاریخ پیدائش: 20 جنوری 1972ء
جائے پیدائش: بمبرگ، ریاست جنوبی کارولینا، امریکہ
شہریت: امریکہ، بھارت
مذہب: مسیحیت
والد کا نام: اجیت سنگھ رندھاوا
شریک حیات: مائیکل ہیلی
بچے: 2
تعلیم: کلیمسن یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہیں
عملی زندگی:
نمریتا رندھاوا (المعروف نکی ہیلی) بھارت سے تعلق رکھنے والی امریکی سیاست دان ہیں جو امریکی ریپبلکن پارٹی سے وابستگی رکھتی ہیں۔ ہیلی کے والدین کا تعلق ایک سکھ گھرانے سے ہیں جو بھارتی پنجاب کے شہر امرتسر سے کینیڈا اور پھر امریکہ ہجرت کر گئے تھے۔

12 جنوری 2011ء میں ہیلی امریکی ریاست جنوبی کارولینا کی 116 ویں گورنر بنیں اور وہ اس عہدے پر 24 جنوری 2017 تک فائز رہیں۔
وہ پہلی خاتون ہیں جو اس منصب پر محض 42 سال کی عمر میں فائز ہوگئیں، نیز وہ امریکی تاریخ میں اب تک کم عمر ترین گورنر کے عہدے پر فائز ہونے والی شخصیت ہیں۔
علاوہ ازیں ہیلی امریکی ریاست لوزیانا کے گورنر بوبی جندال کے بعد دوسری بھارتی امریکی ہیں جو ریاست کے گورنر کے عہدے پر فائز ہوئیں۔
27 جنوری 2017 میں نکی ہیلی کو اقوام متحدہ میں امریکہ کی نمائندگی کیلئے مقرر کردیا گیا، نکی ہیلی اقوام متحدہ میں امریکہ کی مقرر کردہ 29 ویں نمائندہ ہیں۔ نکی ہیلی کے حوالے سے مشہور ہے کہ وہ امریکی صدر ٹرمپ کی طرح سخت گیر، اسلام اور مسلمانوں سے نفرت کرنیوالی اور اسرائیل کی بھرپور حمایت کرنے والی شخصیت ہیں۔
نکی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے بھی زیادہ اسرائیلی ہیں، شام، ایران، روس، فلسطین اور پاکستان کے حوالے سے نکی ہیلی جیسے اقوام متحدہ میں مخالف موقف اپناتے ہوئے ان ممالک کے خلاف انتہائی سخت اور عالمی اخلاقیات کے مخالف زبان استعمال کرتے ہوئے دکھائی دیتی ہیں جس کی وجہ سے انہیں کئی مواقع پر ان ممالک کی طرف سے منہ توڑ جواب وصول ہوتے ہیں۔
دسمبر 2017ء میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں بیت المقدس کو ٹرمپ کے حوالے سے اسرائیل کا دارالحکومت قرار دینے کے فیصلے کے خلاف ترکی اور یمن کی طرف سے قرارداد پیش کی گئی تھی، قرارداد پر ووٹنگ سے قبل ہیلی نے یا ہوگئیں تھی اور ان تمام ممالک کو دھمکیاں دینے لگ گئیں جو اس قرارداد کی حمایت کرنے جارہے تھے کہ امریکہ نے ان کی امداد بند کردی ہے۔
ٹرمپ کے فیصلے کے خلاف قرارداد منظور ہوئی اور ہیلی کو ناکامی کا سامنا ہوا، نکی ہیلی کے حوالے سے اگر کہا جائے کہ وہ اقوام متحدہ میں ٹرمپ کی ترجمان ہیں تو بے جانہ ہوگا، ان کا لب و لہجہ، طریقہ کار اور انتہا پسندی ٹرمپ جیسی ہی ہے، نکی کا شمار اس وقت امریکہ کی طاقتور ترین خواتین میں ہوتا ہے۔ حالیہ شام مسئلہ پر جھوٹ کا سہارا لیا تاہم اپنے منصوبوں میں کامیاب نہیں ہو پاتے۔

شام پر حملہ... امریکہ کی کامیابی یا رسوائی؟

یہاں انسان تھوڑا سا بھی غور کرے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ امریکہ کتنی منافقت سے دنیا والوں کو بے وقوف بنانے کی حماقت کررہا ہے، کیونکہ پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ بہانہ خود امریکہ کا خود ساختہ ہے حقیقت سے اس کا دور کا بھی تعلق نہیں، شام نے کوئی کیمیائی ہتھیار استعمال نہیں کیا ہے، فرض کریں شام ایسا کر بھی رہا ہو تو اسے اس حرکت سے روکنے کا جواز عقلاً صرف اس ملک کو حاصل ہے جس نے ماضی اور حال میں کیمیائی ہتھیار کو ہاتھ نہ لگایا ہو، کیا امریکہ نے ایٹمی اور کیمیائی ہتھیار استعمال کرکے دنیا کے مختلف شہروں اور علاقوں کو ویران کرنے کا سب سے زیادہ ریکارڈ قائم نہیں کیا ہے؟ اس وقت سب سے زیادہ کیمیائی مواد بننے کے فیکٹریز امریکہ رکھتا ہے، تو کس منہ سے امریکہ نے کیمیائی ہتھیار استعمال کرنے کا بہانہ بنا کر شام پر حملہ کیا؟ دوسری بات یہ ہے کہ شام نے اقوام متحدہ کی تحقیقاتی ٹیم کو آکر چیک کرنے کی دعوت دی ہوئی تھی تو ان کی تحقیقی رپورٹ آنے سے قبل امریکہ کو حملہ کرنے کی اجازت کس نے دی؟ بہرصورت امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے اس بزدلانہ حملے کا نتیجہ برا نکلے گا. یہاں یہ بات کہنا لازمی ہے کہ شام نے سال 2013ء میں عالمی کیمیائی تنظیم کے حوالے تمام کیمیائی ہتھیار سپرد کئے ہیں.

تحریر: محمد حسن جمالی

امریکہ پوری دنیا میں سپر پاور ہونے کا دعویدار ہے، وہ سارے ممالک کو اپنے قبضہ قدرت میں رکھنا چاہتا ہے، اس کی منطق یہ ہے کہ روئے زمین پر حکمرانی کا حق صرف اسی کو حاصل رہنا چاہئے، وہ آقا بن کر دنیا کے سارے ممالک کو اپنی غلامی میں رکھنا چاہتا ہے۔ اس بے بنیاد اور عقل انسانی کے خلاف سوچ کے مطابق شیطان بزرگ امریکہ نے پوری دنیا میں انسانیت سوز مظالم کی آگ شعلہ ور کرکے کرۂ ارض پر بشریت کا جینا حرام کر رکھا ہے۔ یوں بزعم خود وہ اپنی طاقت کا لوہا منوا رہا ہے، اپنے اسی ناپاک ہدف کی تکمیل کے لئے امریکہ نے افغانستان، عراق، لیبیا، حلب اور شام وغیرہ پر مظالم کے پہاڑ توڑ ڈالے۔ طالبان، القاعدہ اور داعش، جیسے درندہ صفت ٹولوں کی مدد سے مسلمانوں کو دہشتگردی کی آگ میں جلا کر خاکستر کرنے کی کوشش کی گئی، مسلمانوں کے درمیان تفرقہ پیدا کرکے انہیں ایک دوسرے کا جانی دشمن بنانے کے منصوبے کو عملی کیا مگر چشم فلک نے دیکھ لیا کہ امریکہ کو ان تمام برے عزائم میں پسپائی، ذلت اور شکست کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آیا۔

جب ہر طرف سے ام الفساد کو مایوسی، ناامیدی اور ناکامی کا سامنا ہوا تو اس نے ایک نئی شیطانی مہم چلائی، اسرائیل اور سعودی عرب کے مشورے سے، ریاض میں ایک کانفرنس رکھوائی، جس میں دنیا کے مختلف ممالک کے سربراہان کو شرکت کرنے کی دعوت دی گئی، چنانچہ بالواسطہ یا بلاواسطہ جن ممالک نے امریکہ کی غلامی قبول کر رکھی تھی ان کے سربراہان مقررہ وقت پر ریاض پہنچے اور کانفرنس میں شرکت کرکے اس کی رونق میں اضافہ کرنے کا باعث بنے، کانفرنس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خصوصی خطاب کیا، انہوں نے اپنے خطاب میں ایران کے خلاف کھلے الفاظ میں تنقید کرکے اپنے دل کی بھڑاس نکالی، اس نے ایران کو دنیا بھر میں دہشت گردی کا سرغنہ قرار دے کر پوری دنیا کو اپنا منافقانہ چہرہ دکھایا، کیونکہ پوری دنیا جانتی تھی کہ دہشتگردوں کا باپ خود امریکہ ہے، ایران ہی وہ واحد اسلامی ملک ہے جو حقیقی معنوں میں سینہ تان کر دہشتگردی کا مقابلہ کر رہا ہے، خطاب کے ضمن میں امریکی صدر نے حزب اللہ، یمن، شام اور عراق کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا اس کے بعد ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ایٹمی پروگرام کے حوالے سے معاہدہ کو منسوخ کرنے اور اس کے خلاف دوبارہ پابندیاں عائد کرنے کی دھمکی بھی دی۔

کانفرنس برخاست ہوتے ہی امریکی وزیر خارجہ ریکس ٹلرسن نے ریاض میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کے ساتھ ہونے والے 110 ارب ڈالر کے معاہدے کا مقصد ایرانی اثر ورسوخ کو روکنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کیلئے اسلحہ کے پیکج سے نہ صرف سعودی عرب بلکہ پورے خلیجی خطہ کو استحکام حاصل ہوگا۔ یوں ڈونلڈ ٹرمپ نے مختلف ممالک کے سربراہوں سے ایران اور اس کے اتحادیوں کے خلاف متحد ہوکر مقابلہ کرنے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی، جس کا نام ظاہری طور پر تو دہشتگردی کے خلاف اتحاد رکھا گیا مگر حقیقت میں وہ ایران کے خلاف متحد ہوئے تھے، چنانچہ اس کے بعد سے دیکھا یہ جارہا ہے کہ امریکہ ایران کے گرد گھیرا تنگ کرنے کے لئے اپنی مہم کے دائرے کو وسیع کرتا جارہا ہے، ایران پر اقتصادی پابندی، یمن پر سعودی عرب کے ذریعے ظلم و ستم اور شام پر حملہ کرنے کا واحد ہدف ایران کو کمزور کرنا تھا۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ عملی طور پر کیا امریکہ ایران کو کمزور کرنے میں کامیاب بھی ہوا؟ ہر انصاف پسند انسان کا جواب یہ ہے کہ نتیجہ بالکل برعکس نکلا، ایران عسکری، اقتصادی، سیاسی علم اور ٹیکنالوجی غرض تمام میدانوں میں قوی تر اور طاقتور ہوا، امریکہ اور اسرائیل سے مقابلہ کرنے کے لئے ایرانی آرمی کی ہمت اور جرات میں اضافہ ہوا، ایرانی قوم نے پوری ہوشیاری اور بصیرت سے امریکہ و اسرائیل کے ناپاک عزائم کو سمجھتے ہوئے اپنی صفوں میں اتحاد کو مستحکم تر کیا۔ اس ساری صورتحال کو دیکھتے ہوئے ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ امریکہ اپنی شکست خوردہ حالت پر باقی رہ جاتا، لیکن اس کی ضد، ہٹ دھرمی اور غرور نے حلب اور شام میں کمرشکن شکست سے دوچار ہونے کے باوجود امریکہ کو اپنے نمک خوار فرانس اور برطانیہ سے مل کر ایک بار پھر شام پر جارحانہ حملہ کرنے پر مجبور کیا۔ عالمی رپورٹ کے مطابق امریکہ، فرانس اور برطانیہ نے مل کر شام پر 120 تک بم میزائل چھوڑے، بہانہ یہ تراشا گیا کہ شام کیمیائی ہتھیار استعمال کر رہا ہے جو بین الاقوامی قوانین کی سراسر خلاف ورزی ہے، ہم نے شام کو بار بار خبردار کیا لیکن وہ اپنی اس حرکت سے باز نہ آیا لہٰذا ہم نے شام کو سبق سکھانے کے لئے مل کر حملہ کیا ہے۔

یہاں انسان تھوڑا سا بھی غور کرے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ امریکہ کتنی منافقت سے دنیا والوں کو بے وقوف بنانے کی حماقت کر رہا ہے، کیونکہ پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ بہانہ خود امریکہ کا خود ساختہ ہے حقیقت سے اس کا دور کا بھی تعلق نہیں، شام نے کوئی کیمیائی ہتھیار استعمال نہیں کیا ہے، فرض کریں شام ایسا کر بھی رہا ہو تو اسے اس حرکت سے روکنے کا جواز عقلاً صرف اس ملک کو حاصل ہے جس نے ماضی اور حال میں کیمیائی ہتھیار کو ہاتھ نہ لگایا ہو، کیا امریکہ نے ایٹمی اور کیمیائی ہتھیار استعمال کرکے دنیا کے مختلف شہروں اور علاقوں کو ویران کرنے کا سب سے زیادہ ریکارڈ قائم نہیں کیا ہے؟ اس وقت سب سے زیادہ کیمیائی مواد بننے کے فیکٹریز امریکہ رکھتا ہے، تو کس منہ سے امریکہ نے کیمیائی ہتھیار استعمال کرنے کا بہانہ بنا کر شام پر حملہ کیا؟ دوسری بات یہ ہے کہ شام نے اقوام متحدہ کی تحقیقاتی ٹیم کو آکر چیک کرنے کی دعوت دی ہوئی تھی تو ان کی تحقیقی رپورٹ آنے سے قبل امریکہ کو حملہ کرنے کی اجازت کس نے دی؟ بہرصورت امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے اس بزدلانہ حملے کا نتیجہ برا نکلے گا۔ یہاں یہ بات کہنا لازمی ہے کہ شام نے سال 2013ء میں عالمی کیمیائی تنظیم کے حوالے تمام کیمیائی ہتھیار سپرد کئے ہیں۔

امریکہ نے دنیا کو اپنی بہادری دکھانے کے لئے یہ اقدام کیا تھا مگر شام کی طرف چھوڑے ہوئے میزائل کی کثیر تعداد کو بشار الاسد کی فوج نے فضا میں ہی ناکارہ بنایا گیا، جس سے دنیا والوں پر امریکہ کی اصلی طاقت کی کمزوری اور شامی افواج کی شجاعت اور بہادری واضح ہوگئی۔ اس سلسلے میں سی این این کا تجزیہ نگار فریڈرک پلیٹکن کہتا ہے کہ امریکہ اور اس کے اتحادی ممالک کی شام کے خلاف فوجی کارروائی غیر موثر واقع ہوئی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اس فوجی کارروائی کا شام آرمی کی صلاحیتوں پر کوئی اثر نہیں پڑا بلکہ الٹا شام کا دفاعی میزائل ڈیفنس سسٹم فائر کئے گئے میزائلوں کی بڑی تعداد مار گرانے میں کامیاب رہا ہے۔ اسی طرح اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے اسی حقیقت کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا ہے: "انتقام لینے کی نیت سے سرد جنگ کا دوبارہ آغاز ہو چکا ہے۔" یہ ایک ایسا امر نہیں جسے عالمی سطح پر مثبت تبدیلی یا مطلوبہ سیاسی نتیجہ قرار دے کر اس پر فخر کا اظہار کیا جا سکے۔ درحقیقت امریکہ، برطانیہ اور فرانس نے شام پر غیر قانونی فوجی کارروائی کرکے خود کو ہی مشکل میں پھنسا لیا ہے۔ گویا شام پر حملہ کرکے امریکہ کی رسوائی ہی رسوائی ہوئی۔

اسلامی قوانین کے روسے "زن" کا مقام اونچا اور قابل احترام

☆ سیاست مانند عبادت

☆سیاست میں خواتین کا کردار اہم

نو منتخب پی ڈی پی صدر خواتین ونگ سفینہ بیگ

سرینگر(کشمیر نیوز بیورو) نامور وکیل اور سیاست دان سفینہ بیگ جنہیں حال ہی میں پی ڈی پی کی شعبہ خواتین کا صدر منتخب کیا گیا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی کی قیادت میں ہم اس کیس میں تیز رفتاری سے انصاف دلانے کو یقینی بنائیں گے اور مجرموں کو سزا دیں گے جو کٹھوعہ کے عصمت دری اول قتل میں ملوث ہیں۔ "ولایت ٹائمز" نے نقل کیا ہے کہ سینئر ایڈیٹر میر محمد وسیم سے براہ راست ایک انٹرویو کے دوران سفینہ بیگ نے کئی مسائل پر بات کی۔ پی ڈی پی کی شعبہ خواتین کی ذمہ داری سنبھالنے کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ، شروع میں میں یہ کہوں گی کہ خواتین ہر سماج کی 50 فیصد انسانی وسائل ہوتی ہے اور جب تک ہر شعبے میں ان کی شرکت نہ ہو تب تک سماج نامکمل ہے۔ ہمارے مذہب اسلام نے عورت کو ایک اونچا مقام دیا ہے اور ان کا کردار تسلیم کیا ہے۔ سیاست میں خواتین کو اہم کردار انجام دینے کی ضرورت ہے خصوصاً خواتین بہترین منتظمین

ہیں اور اندرونی خصوصیات و ہمدردی خواتین کو سیاست کے میدان میں زیادہ موزوں بناتی ہیں۔ جن مقابلوں کو مجھ سونپا گیا ہے وہ سنگین ہیں مگر میں کہنا چاہوں گی کہ کشمیر میں خواتین کو متحرک انداز میں سیاست میں حصہ لینا چاہیے کیونکہ تنازعہ کی وجہ سے زیادہ تر خواتین متاثر ہوتی ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سیاست کو عبادت کی طرح لینا چاہیے، سیاست کو ایمانداری اور دیانتداری کی طرح انجام دینا چاہیے۔ میں دونوں مین اسٹریم اور علاحدگی پسند سیاستدانوں سے درخواست کرنا چاہوں گی کہ وہ کشمیر کے چلتے ہوئے مسائل کو سیاست سے نہ جوڑیں، لوگوں کے روزمرہ مسائل ہیں، یہاں بہت سے سماجی، معاشی، ماحولیاتی مسائل ہیں جن کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے اور ان کا موازنہ کشمیر کے سیاسی مسئلہ کے حتمی حل سے نہیں کیا جا سکتا۔ کٹھوعہ واقعہ میں انصاف کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ، مجھے اپنے اداروں اور وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی پر پورا بھروسہ ہے۔ پورے ہندوستان کی رائے اور عالمی سطح کی رائے اس مسئلہ کے متعلق مثبت ہے سوائے کچھ عناصر کے جو اقلیت میں ہیں کی حرکات خلاف معمول ہیں۔ مجھے پورا یقین ہے کہ ہم اس کیس میں تیز رفتاری سے انصاف دلانے کو یقینی بنائیں گے اور مجرموں کو سزا دیں گے جو کٹھوعہ کے عصمت دری اول قتل میں ملوث ہیں۔ کیا اس مسئلہ میں جموں و کشمیر کو تقسیم کرنے کی طاقت موجود ہے، کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہماری ریاست تقطیب (پولارائزیشن) برداشت نہیں کر سکتی اور میں جموں کے عوام کی تعریف کرنا چاہوں گی جنہوں نے جنونی عناصر کے انتشار پھیلانے کے باوجود متاثرہ کا ساتھ دیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ یہاں مین سٹریم سیاست میں آنے سے سب سے زیادہ خواتین ہچکچاتی ہیں اور میں چاہوں گی کہ ہماری تنظیم کی اہلیت بیج پالیسی کو زمینی سطح پر لے جاؤں اور فیصلہ سازی میں خواتین کی شرکت یقینی بناؤں۔ میں زمینی سطح کے نبض کو پہچاننے کے لیے تشدد اور سرحدی تناؤ سے متاثرہ خواتین کو شامل کروں گی۔ وردی پہن کر خواتین کے خلاف جرائم میں ملوث افراد پر قانونی کارروائی نہ ملانے کے سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں اس خیال سے اتفاق نہیں کرتی اور اس کا دارومدار کیس پر ہوتا ہے اور کس طرح آپ اس کی پیروی کرتے ہیں۔ سماجی میڈیا کے بارے میں ان کا کہنا تھا کہ آج سماجی میڈیا کا سیاست اور دیگر شعبوں میں غالب کردار ہے مگر بدقسمتی سے کشمیر میں کچھ عناصر اسے کردار سازی کے ہتھیار کی حیثیت سے استعمال کرتے ہیں۔ اس پر مضبوط تنقید ہونی چاہیے مگر غیر اخلاقی اور غلط زبان کا استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ مخالف نظریات کی رائے لینے کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ، مجھے مخالف نظریہ رکھنے والوں سے مثبت رائے لینے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہے۔ بچوں کے جنسی استحصال کو روکنے کے حوالے سے مزید اقدامات کرنے پر ان کا کہنا تھا کہ، عصمت دری اور بچوں کا جنسی استحصال کرنے والوں کو سزا دینے کے لیے ہمیں تمام موجودہ قوانین کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے اور انہیں وقت کے تقاضوں کے مطابق مزید مضبوط بنانا ہوگا۔ ایسے بے شرم حرکات انجام دینے والوں کو مثالی سزا دینے کی ضرورت ہے اور کچھ گمراہ ہوئے افراد کی حرکات کی وجہ سے ہم پورے ملک کو قصوروار نہیں ٹھہرا سکتے۔ تمام سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ ایسے واقعات پر وہ ایک متفقہ رائے اپنائیں کیونکہ اس کی وجہ سے بہت بدنامی اٹھانی پڑتی ہے۔ خواتین کے لئے کوئی پیغام دینے کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ، خواتین کو زیادہ دفاعی نہیں رہنا چاہیے کیونکہ ہم سماج کی برابر حصہ دار ہیں، میرا ماننا ہے کہ خواتین کو جارحانہ ہونا چاہئے۔

تیز آندھی، بادل پھٹنے کے واقعات کی وجہ سے جنوبی کشمیر میں لوگ گھروں میں سہم گئے، درجنوں مکانوں کے چھت اڑ گئے، درخت اکھڑ آئے، بجلی نظام درہم برہم

سرینگر/ وادی کشمیر میں جاری موسلادار بارشوں کے بیچ جنوبی کشمیر کے درجنوں علاقوں میں تیز آندھی، بادل پھٹنے اور بجلی کڑکنے کی آواز سے لوگوں میں خوف و ہراس کی لہر پائی جاری ہے جبکہ تیز آندھی کے نتیجے میں جہاں درجنوں مکانات کے چھت اڑ گئے وہیں درختوں اکھڑ آنے سے بجلی کا نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے۔ اسی دوران لوگوں نے پی ڈی ڈی اور سیول انتظامیہ کے خلاف زبردست غم و غصہ کی لہر دوڑ رہی ہے اور مطالبہ کر رہے ہیں کہ برقی رو فراہم کرنے کیلئے جلد از جلد اقدامات اٹھائے جائیں۔ اطلاعات کے مطابق خراب موسمی صورتحال اور تازہ بارشیں اور کئی مقامات پر ژالہ باری کی وجہ سے شمال و جنوب میں میوہ جات مکمل طور پر تباہ و برباد ہو کر رہ گئے جبکہ سبزیوں کی کیاری، سرسوں اور دوسری فصلیں مکمل طور پر تباہ و برباد ہو کر رہ گئیں۔ کئی عمر رسیدہ افراد کے مطابق انہوں نے زندگی اس قدر کی موسمی صورتحال نہیں دیکھی ہے۔ مقامی لوگوں کے مطابق ان علاقوں میں گزشتہ کئی دنوں میں مسلسل بارشیں ہوئی جس کی وجہ سے سیب اور کھڑی فصلوں کا اب نام و نشان تک باقی نہیں رہ گیا ہے۔ ادھر جنوبی کشمیر کے درجنوں علاقوں میں جمعہ کے بعد دوپہر اس وقت خوف و دہشت پھیل گیا جب تیز آندھی، بادل پھٹنے اور بجلی کڑکنے کی واقعات رونما ہونے کے بعد لوگ گھروں میں سہم کر رہ گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ تیز ہواؤں اور کئی مقامات پر زبردست ژالہ باری کے نتیجے میں کھڑی فصلوں اور سیب کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے۔ وقفے وقفے سے بارشیں ہونے کے باعث باغ مالکان اور کسان خون کے آنسوں رونے پر مجبور ہو گئے ہیں اور ان کی سال بھر کی آمدنی کے ذرائع مکمل طور پر تباہ و برباد ہو گئے ہیں۔ کئی سیاسی، سماجی تنظیموں نے سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ جن علاقوں میں شدید بارشیں اور ژالہ باری ہوئی ہے اور کھڑی فصلوں میوہ جات کو نقصان پہنچا ہے ان علاقوں کے متاثرین کی امداد کے سلسلے میں فوری اقدامات اٹھائے جائیں۔ ادھر نمائندے نے بتایا کہ وچی پورہ اور ترال کے درجنوں علاقوں میں اس وقت خوف و دہشت کی لہر پھیل گئی جب اچانک تیز آندھی اور بارشوں کا سلسلہ شروع ہوا۔ معلوم ہوا ہے کہ تیز آندھی کی وجہ سے کھڑی فصلوں کو شدید نقصان پہنچ گیا ہے جبکہ درجنوں علاقوں میں بجلی پول اور درخت اکھاڑ آئے جس کے نتیجے میں بجلی کا نظام مکمل طور پر ٹھپ ہو کر رہ گیا۔ تیز آندھی کے نتیجے میں درجنوں درخت اکھڑ آئے جس کے نتیجے میں سڑکوں پر ٹریفک کی نقل و حمل بھی بند ہوئی جبکہ کئی مقامات پر مکانوں کو بھی شدید نقصان پہنچ گیا ہے۔ اسی دوران تیز ہوائیں کے دوران ترسیلی لائنیں، بجلی کے کھمبے گر جانے کی وجہ سے اکثر علاقوں میں بجلی کا نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے درجنوں علاقوں میں بجلی کے کھمبے اکھڑ جانے کے باعث سورج غروب ہونے کے ساتھ ہی یہ علاقے گھپ اندھیرے میں ڈوب جاتے ہیں اور جب متعلقہ علاقوں کے لوگ محکمہ پی ڈی ڈی کے حکام سے بجلی پول نصب کرنے ترسیلی لائنوں کی مرمت کرنے کے بارے میں آگاہ کرتے ہیں تو متعلقہ محکمہ کے اہلکاروں سے یہ کورا جواب مل رہا ہے کہ محکمہ کے پاس فنڈس کی عدم دستیابی ہے جس کی وجہ سے فی الحال نئے بجلی پول نصب کرنے اور ترسیلی لائنوں کی مرمت کرنے سے قاصر ہیں۔ فنڈس دستیاب ہونے کے بعد ہی اس طرح کی کارروائیاں عمل میں لائی جا سکتی ہیں۔

نام نہاد خطباء کا منبر کو تفرقہ پھیلانے کیلئے استعمال کرنا ایک سازش

مختلف مسالک اسلامی کیخلاف نفرت پھیلانے والے افراد سے بائیکاٹ کرنے کی میرواعظ کی عوام سے اپیل

سرینگر/ انجمن نصرۃ الاسلام کے زیر اہتمام کشمیر کی قدیم تعلیمی دانشگاہ نصرۃ الاسلام ہائیر سیکنڈری سکول کے مرکزی آڈیٹوریم میں ایک پروقار سیرتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انجمن کے صدر اور کل جماعتی حریت کانفرنس کے چیئرمین میرواعظ ڈاکٹر مولوی محمد عمر فاروق نے پیغمبر اسلام حضرت نبی رحمت ﷺ کی عظیم شخصیت اور آفاقی انسان ساز تعلیمات کے مختلف گوشوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ دین اسلام کے ساتھ بھرپور وابستگی اور رسول رحمت ﷺ کی سیرت پاک کو عملی زندگی میں اپنانے سے ہی ہمارے جملہ مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ میرواعظ نے کہا کہ اسلام کی بنیادی تعلیمات اور اقدار کے فروغ اور ایک بہتر، ذمہ دار اور اخلاقی اقدار کے حامل معاشرہ سازی کیلئے اسلام کے اعلیٰ اقدار اور رسول رحمت ﷺ کی آفاقی تعلیمات کو زندگی کے ہر شعبے میں رہنما بنائے بغیر موجودہ سیاسی، سماجی، معاشرتی اور ملی مسائل کا حل تلاش نہیں کیا جا سکتا۔ "ولایت ٹائمز" کو موصولہ بیان کے مطابق میرواعظ نے وطن عزیز کی انتہائی سنگین اور اضطراب انگیز صورتحال پر گہری فکر و تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ننھی آٹھ سالہ آصفہ کے معاملے کو انسانی نقطہ نظر سے دیکھنے کے بجائے اس مسئلہ پر جس طرح کچھ حلقوں کی جانب سے سستی سیاستکاری کی جا رہی ہے وہ حد درجہ افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعہ نے پوری انسانیت کو شرمسار کر دیا ہے اور یہ ہمارا متفقہ قومی مطالبہ ہے کہ اس دردناک واقعہ میں ملوث مجرمین کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے۔ میرواعظ نے کہا کہ ایک طرف کشمیری عوام کو سنگین نوعیت کے سیاسی، سماجی اور دوسرے مسائل کا سامنا ہے اور دوسری طرف ہمارے کچھ نام نہاد واعظین اور خطیب حضرات پوری قوم کیلئے ایک مسئلہ بن گئے ہیں۔ یہ لوگ مقدس منبرو محراب سے اسلام اور پیغمبر اسلام کے عظیم اور انسانیت ساز پیغام اور تعلیمات کی تبلیغ کرنے اور سماج اور معاشرے کو درپیش مسائل اور مشکلات کے ازالے کیلئے مثبت کوششوں کے بجائے مسلکی اور فروعی معاملات اور مسائل کو بنیاد بنا کر ایک دوسرے کیخلاف شرانگیزی اور فتویٰ بازی کے عمل میں لگے ہیں اور ایک دوسرے کے مسالک پر رکیک حملے کر کے مسلکی منافرت کو ہوا دیکر کشمیر میں صدیوں سے چلی آرہی ملی اخوت، باہمی ہم آہنگی اور ملی بھائی چارے کی فضا کو مکدر بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کا غلط استعمال کر کے ایسے مسائل کو ابھارا جا رہا ہے جس سے پوری قوم میں فرقہ بندی کے رجحان کو ہوا مل رہی ہے اور یہ یہاں کے ذمہ دار علماء، واعظین اور دانشوروں کی ملی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے مسائل پر بات کریں جو اس امت کو وحدت کی لڑی میں پرونے میں مدد دے سکیں نہ کہ ایسے مسائل پر جس سے ملت میں مزید انتشار اور افتراق پیدا ہو۔ میرواعظ نے اس مذموم سلسلے کو فوراً سے پیشتر بند کرنے پر زور دیتے ہوئے عوام الناس خاص طور پر ملت کے باشعور طبقے اور تعلیم یافتہ لوگوں سے دردمندانہ اپیل کی کہ وہ ملت میں انتشاری کیفیت پیدا کرنے والے ایسے نام نہاد خطیبوں اور واعظین کا بائیکاٹ کریں کیونکہ اسلام امن، اتحاد اور بھائی چارے کا دین ہے انتشار اور افتراق اور فرقہ بندی کا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے حساس مسئلہ پر غور و خوض کرنے اور ایک اجتماعی حکمت عملی ترتیب دینے کیلئے بہت جلد متحدہ مجلس علماء کا اجلاس طلب کیا جائیگا جس میں تمام مسالک سے وابستہ ذمہ دار علماء اور دینی انجمنوں کو دعوت دی جائیگی تاکہ ملت میں انتشاری کیفیت پیدا کرنے والے عناصر کی سرگرمیوں پر روک لگائی جا سکے۔ اس سیرتی تقریب میں وادی بھر کے درجنوں نامور پرائیوٹ تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات نے حصہ لیکر سیرت نبوی ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ سیرتی تقریب میں کشمیر کے سرکردہ عالم دین مولانا محمد عباس انصاری، مولانا عبدالرشید داؤدی، مفتی غلام رسول سامون کے علاوہ معززین شہر اور دانشوروں کی بڑی تعداد اور انجمن کے جنرل سیکریٹری جناب محمد ابراہیم شاہ، پرنسپل ڈاکٹر جی ایم خان اور اراکین انجمن بھی موجود تھے۔ سیرتی تقریب میں پاترتیب پہلی پوزیشن آر پی اسکول کی طالبہ محترمہ صالحہ، دوسری پوزیشن کشمیر ہاروڈ انسٹی ٹیوٹ سرینگر کی طالبہ محترمہ ساکنہ نے دیگر طالب علموں میں انعامات تقسیم۔

اتحاد امت کی جانب توجہ ایمان کا حصہ ہے: مولوی غلام علی گلزار

سوشل نیٹ ورکنگ سائٹس پر تنگ ظرف خطیبوں کے تعصب آمیز بیانات سے عوام کو ہوشیار رہنے کی ضرورت

آج امت مسلمہ انتہائی نازک دور سے گذر رہی ہے لیکن بعض تنگ ظرف خطیبوں اور منچلے نوجوانوں کی طرف سے سوشل میڈیا پر غیر ذمہ دارانہ بیانات کا مظاہرہ ہوتا ہے جس سے مسلمانوں کے درمیان تعصب اور نفرت بڑھتی ہے اور غلط فہمی میں اضافہ ہوتا ہے۔ اہل علم اور صاحبان خطابت کو ایک دوسرے کے نزدیک آکر باہمی اختلاف اور موقف کی اصلیت کو جان لینے کیلئے جاودانہ نظر کرنا چاہئے، عوام کو بھڑکانے سے کسی کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ ملوکانہ اور ظالمانہ سامراج نے ہمیشہ مسلمانوں کے درمیان غلط باتیں منسوب کر کے پروپگنڈا کیا ہے مصدقہ اور اصل ذرائع سے حقیقت تلاش کرنی چاہئے۔ بعض پروفیشنل خطیب اور واعظ ایجنسیوں کے ہاتھوں استعمال ہوتے ہیں اس سے ہوشیار رہنا چاہئے۔ سوشل میڈیا کی ہر بات کو حرف آخر نہیں سمجھنا چاہئے۔

"ولایت ٹائمز" کو موصولہ پیغام کے مطابق کشمیر میں مولانا شوکت احمد شاہ جن کی شہادت 18 اپریل 2011 کو واقع ہوئی صاحب نظر مصلح تھے۔ وہ جمعیت اہل حدیث جموں و کشمیر کے صدر تھے، وہ شیعہ امامیہ اور احناف و دیگر معروف اسلامی مسالک کے پیرو مسلمانوں کو دینی بھائی کہتے تھے۔ اختلافی نقطہ نظر میں موعظہ حسنہ اور حکمت کے قرآنی حکم کی پابندی کرتے تھے۔ امت کے مشترکہ مسائل میں وحدت فکر و عمل کیلئے کوشاں رہتے تھے۔

کوئی عالم، مجتہد چاہے وہ کسی بڑے مدرسے سے تحصیل کر چکا ہو اور بنیادی عقائد دین کے پابند معروف مکاتب فکر کے کسی مسلمان کو "کافر" قرار نہیں دے سکتا ہے۔ سوشل میڈیا کو نفرت پھیلانے کا ذریعہ نہیں ہونا چاہئے بلکہ محبت اور وحدت کا درس دینے کیلئے استعمال ہونا چاہئے۔ اہل علم کی عزت و زینت اسی میں ہے کہ وہ حسن اخلاق سے نصیحت و تبلیغ کریں۔ شدت پسند لہجہ اور طعن و بدگوئی سے پرہیز کریں ایسا کرنے سے ان کے متعلق جاہلانہ تصور پیدا ہوگا۔ جو شخص اصول و موقف سے واقفیت نہ رکھتا ہو اسے آنکھ بند کر کے لب کشائی زیب نہیں دیتی۔ اہل اسلام کو کسی کے مفاد میں مزدور بن کر استعمال نہیں ہونا چاہئے۔ برادرانہ رابطے سے ایک دوسرے کے نزدیک آکر اور مصدقہ ذرائع سے جانکاری کی کوشش کر کے اختلافات کی فضا مسلح ہو سکتی ہے۔ مصالحانہ انداز الگ ہوتا ہے اور مخالفانہ انداز الگ ہوتا ہے۔ کریہہ سے نہیں دعوت سے اثر ہوتا ہے۔ آج دنیا میں مسلمان پریشان ہیں، غیرت دین اور درد امت پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ تمام مسلمانوں کے عقیدہ و عمل کی بنیاد قرآن اور سنت رسول ہے اس کے حصول کی لگن میں مسائل پر تفرقہ پیدا نہیں کرنا چاہئے سب کو آخرت میں جواب دینا ہے۔

خادم دین و ملت: غلام علی گلزار (سابق سکریٹری مسلم پرسنل لا فورم کشمیر و بانی تحریک مکاتب امامیہ کشمیر)

امام عالیمقامؑ کی سیرت پر عمل پیرا میں تمام دکھوں کا مدوا اور قوموں کی آزادی یقینی: مولانا عباس انصاری

سرینگر/ یوم ولادت باسعادت سالار حریت نواسہ رسول حضرت امام حسین (ع) کے مبارک اور پرمسرت موقع پر جموں و کشمیر اتحاد المسلمین کے اہتمام سے گنڈ خواجہ قاسم بچن میں ایک عظیم الشان محفل میلاد کا انعقاد ہوا جس میں علمائے کرام، دانشور حضرات اور شعرائے کرام کے علاوہ عاشقان اہلبیت کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اپنے صدارتی خطبہ میں تنظیم کے سربراہ و سینئر حریت رہنما مولانا محمد عباس انصاری نے سردار جوانان جنت امام عالی مقام حضرت امام حسین علیہ السلام کی یوم ولادت باسعادت کے مبارک و پرمسرت موقع پر عالم انسانیت کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ امام عالی مقام کی سیرت کریمہ کی پیروی مظلومین جہاں کی سپر ہے۔ انہوں نے کہا کہ امام عالی مقام کی مجاہدانہ زندگی عالم انسانیت کیلئے رہ عمل ہے۔ مولانا عباس انصاری نے کہا کہ آج کے دور میں روئے زمین ظالم و جابر افراد کے وجود سے آلودہ ہو چکی ہے ہر طرف قتل و غارتگری کا بازار گرم ہے لہٰذا دنیا کو افکار و نظام حسینی (ع) کی اشد ضرورت ہے تاکہ دور حاضر کے یزیدی نظام کا خاتمہ ہو جائے جس سے انسانی اقدار کا تحفظ یقینی بن جائے۔ مولانا عباس انصاری نے کشمیر میں جاری حقوق بشری کی کھلم کھلا خلاف ورزیوں پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئے روز تعلیمی اداروں کو مقفل کرنا اور طلباء پر طاقت کا استعمال کرنا بدترین دہشتگردی، غنڈہ گردی اور انسانی حقوق کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے اور کٹھ پتلی حکمرانوں کا ایسے حربے مذموم اور افسوسناک عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم آصفہ کو انصاف دلانے کے بجائے نام نہاد حکمران اپنی کرسی کی فکر میں لگے ہوئے ہیں اور اس طرح کی حکمرانیت سے انہیں ذرا برابر بھی شرمندگی کا احساس نہیں ہو رہا ہے۔ مولانا عباس نے کہا کہ نام نہاد حکمران معصوم آصفہ کے قاتلوں کو بچانے میں پیش پیش افراد کے ساتھ ہاتھ سے ہاتھ ملا رہے ہیں اور دوسری طرف لوگوں کو گمراہ کرنے کے خاطر انصاف کا واحد واویلا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کشمیری قوم سے اپیل کی کہ وہ بلا مسلک و ملت متحد و منظم ہو کر اس سانحہ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کریں۔ انہوں نے امت اسلامیہ سے اپیل کی کہ وہ امام عالی مقام کی سیرت کریمہ پر عمل پیرا ہو جائیں تاکہ تمام دکھوں کا مداوا ہو سکیں اور مظلوم قوم کے لئے آزادی کا سورج طلوع ہو جائے۔

Prophet (SAWW), Imam Hussain (A.S) and Quran

On the day of Mubahilah when a spiritual contest between Prophet Muhammad (S) and the Christians of Najran was set up to invoke the curse of Allah (SWT) on the liars, Hussain (A) and his family were the only ones accompanying the Prophet. Prophet Muhammad (S) had orders from Almighty Allah (SWT) through the verse of Mubahilah to take Hassan and Hussain (A) as his children with him.

By Hakim Suhail Abbas Al Kashmiri

The city of Medina witnessed the birth of a blessed boy in the house of Lady Fatimah (A) and Imam Ali (A) on the third of *Sha'ban* in the year 4 after Hijra.

